۱۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب مغلطای در تلویح شرح صحیح بخاری از تشیید ص ۱۸۹۲

سیرت حلبیہ کی عبارت | نقل عن ابن عمر وعلی بن الحسین انھما کان یقولان فی آذانیھما بعد حی علی الفلاح حی علی خیر العمل

ترجمہ :۔ قاضی حلب برہان الدین فرماتے ہیں کہ خلیفہ زادہ حضرت عبداللہ بن عمر اور امام زین العابدینؑ اذان میں حی علی الفلاح کے بعد حی علی خیر العمل کہتے

تھے نوٹ امام زین العابدینؑ حدیث ثقلین کی روشنی میں واجب الاتباع ہیں اور نیل الاوطار میں بھی امام زین العابدینؑ کی حدیث حیّ علیٰ خیر العمل لکھی ہے ۔

| | |
|---|---|
| مصنف ابوبکر بن ابی شیبہ کی عبارت | و مسلم بن ابی مریم ان علی بن الحسینؑ کان یؤذن فاذا بلغ حیّ علی الفلاح قال حیّ علیٰ خیر العمل و یقول ھو الاذان الاوّل ۔ |

ترجمہ :۔ حاتم بن اسماعیل اور مسلم بن ابی مریم نے نقل کیا ہے کہ امام زین العابدینؑ علی بن الحسینؑ اذان میں حی علی خیر العمل کہتے تھے اور فرماتے تھے کہ یہی پہلی اذان ہے جو نبی کریمؐ کے زمانہ میں دی جاتی تھی ۔

(نوٹ ) یہ روایت سند کے لحاظ سے صحیح ہے کتب رجال گواہ ہیں تسلی کیلئے کتاب اہل سنت تہذیب التہذیب ملاحظہ فرماویں ۔

| | |
|---|---|
| الغایۃ شرح ھدایۃ کی عبارت | عن ابی امامہ و علی بن الحسینؑ یقول فی اذانہ حیّ علی خیر العمل یعنی امام علی بن الحسینؑ اذان میں حی علی خیر العمل کہتے |

تھے ۔ (نوٹ ) الغایۃ کا مصنف احمد بن ابراہیم بن عبد الغنی حنفی شمس الدین ابو عباس سروجی بلند پایہ عالم ہے ۔ اسکی گواہی کی روشنی میں اتمام حجت ہوگی کہ امام زین العابدینؑ اذان میں مذکورہ کلمہ فرماتے تھے کتب اہل سنت میں خصوصاً نیل الاوطار میں تصریح ہے کہ اہل بیت رسولؐ کے طریق سے کلمہ مذکورہ کا اذان میں داخل ہونا ثابت ہے ۔ اسی لئے اہل بیت رسولؐ کے پیروکار حدیث ثقلین کی اطاعت کرتے ہوئے اس کلمہ کے آج تک قائل ہے

| | |
|---|---|
| تلویح شرح صحیح بخاری کی عبارت | قد صح عن ابن عمر و ابی امامۃ بن سہل بن حنیف انھما کانا یقولان فی اذانھما حی علی خیر العمل ۔ |

ترجمہ : یہ بات صحیح ہے کہ ابن عمر اور ابو امامہ بن سہل بن حنیف اذان میں حی علی خیر العمل کہتے تھے (نوٹ) سنن الکبریٰ میں کثرت سے روایات ہیں کہ عبد اللہ بن عمر اپنی اذان



میں حی علی خیر العمل کہتا تھا اہل دیوبند کو چاہیئے کہ اپنے خلیفہ زادہ پر اعتماد کریں ۔

| | |
|---|---|
| کنز العمال کی عبارت | عن بلال کان بلال یؤذن بالصبح فیقول حی علی خیر العمل بلال صبح کی اذان میں حی علی خیر العمل کہتا تھا ۔ |

## عالم اسلام کو دیانت و انصاف کے واسطہ سے دعوت انصاف

ارباب انصاف امیر عمر کا اذان سے حی علی خیر العمل کو روکنا بھی آپنے پڑھ لیا اور اس کلمہ کا اذان میں صحابہ کرام اور اہل بیت کا پڑھنا بھی آپنے پڑھ لیا امیر عمر کو شیعہ مذہب والے اس لئے نہیں مانتے کہ اس نے اپنی مرضی سے شریعت پاک میں ردّ و بدل کیا ہے اور یہ بات بہت بڑا گناہ ہے ۔ اور دیوبند کے بے چاروں سے گزارش ہے کہ امیر عمر نے کلمہ مذکورہ کو روکتے وقت کہا تھا کہ جو میری مخالفت کرے گا عاقب کریں اسکو سزا دوں گا اب تو نہ عمر رہا اور نہ ہی اُس کا دُرہ اور بیت رہا خدا آپ کو سمجھائے اب تو راہ حق پر آجاؤ ۔ من ۱۴۵۵ اعمال کا حساب اللہ پاک کو دینا ہے نہ کہ عمر کو ،

## الصلوٰۃ خیر من النوم آذان میں داخل کروانا امیر عمر کی بدعات سے ہے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب موطا امام مالک ص ذکر آذان
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب ازالۃ الخفاء ص ۲۲۸/۲ سنن آذان
۳ اہل سنت کی معتبر کتاب کنز العمال ص ۲۷۰/۴ ذکر آذان
۴ اہل سنت کی معتبر کتاب سیرت حلبیہ ص ۳۰۳/۲ ذکر آذان
۵ اہل سنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ص ۴۳/۲
۶ اہل سنت کی معتبر کتاب سنن الکبریٰ ص ۴۲۵ البیہقی

موطا امام مالک کی عبارت | مالک انه بلغه ان المؤذن جاء عمر بن الخطاب یؤذنه بصلوة الصبح فوجده نائما فقال الصلوٰة خیر من النوم یا امیر المومنین فامر ان یجعلها فی نداء الصبح

ترجمہ :۔ امام اہل سنت امام مالک نے خبر دی کہ انہیں اطلاع ملی ہے کہ مؤذن نماز صبح کی اطلاع دینے کیلئے امیر عمر کے پاس آیا اور امیر عمر کو اسنے سویا ہوا پایا پھر اس نے کہا نماز بہتر ہے سونے سے اے امیر عمر پھر عمر نے مؤذن سے کہا کہ الصلوٰۃ خیر من النوم کو اذان صبح میں داخل کرے (نوٹ) ازالۃ الخفاء میں بھی یہی لکھا ہے کہ خود عمر نے مؤذن کو مذکورہ کلمہ آذان میں داخل کرنے کو کہا تھا مشکواۃ میں بھی اس طرح لکھا ہے ۔

## امیر عمر کا اپنا اقرار کہ الصلوٰۃ من النوم بدعت ہے

کنز العمال کی عبارت | اختصار کی خاطر ترجمہ ملاحظہ ہو، عمر بن حفص بیان کرتا ہے کہ سب سے پہلے سعد نے الصلوٰۃ خیر من النوم آذان میں کہا تھا فقال عمر بدعۃ ثم ترکہ عمر نے کہا کہ یہ کلمہ کہنا بدعت ہے، نیز کنز العمال میں یہ بھی لکھا ہے کہ کسی نے طاؤس سے پوچھا تو اس نے کہا نبی پاک کے زمانہ میں یہ آذان میں نہیں تھا۔ بلال نے ابوبکر کے زمانہ میں یہ جملہ الصلوٰۃ خیر من النوم کسی غیر مؤذن شخص سے سنا تھا، اور اذان میں داخل کر لیا ابوبکر کے مرنے کے بعد عمر نے کہا لو نھینا بلالا عن ھذا الذی احدث کہ اس بدعت سے ہمیں بلال کو روکنا چاہیے، پھر عمر بھی بھول گیا اور یہ بدعت آج تک جاری ہے

(نوٹ) صحیح مسلم میں خود عمر کی روایت سے جو آذان مروی ہے اس میں بھی الصلوٰۃ خیر من النوم نہیں لکھا، نیز مسلم کی روایت میں ابی محذورہ سے اذان مروی ہے اس میں بھی یہ کلمہ نہیں ہے



## علماءِ دیوبند کو دعوتِ انصاف

ارباب انصاف علماء دیوبند کو دیانت اور انصاف کا واسطہ دے کر ہم سوال کرتے ہیں۔ کہ جس مجمع اسلام کے تم ٹھیکیدار بنے پھرتے ہو وہ بھانت بھانت کے اقوال کا مجموعہ کیوں ہے شیعوں کا تو عذر معقول ہے کہ ہمارے امام مظلوم تھے قید و بند میں رہے ہماری تبلیغ پر پابندیاں لگی رہیں مگر تمہارے ابوبکر اور عمر اور عثمان حکومت ملنے کے باوجود کیا کرتے رہے آذان ایک ایسی عبادت ہے۔ کہ رات دن میں پانچ مرتبہ تم اس کو بجالاتے ہو تمہاری کتابوں کو پڑھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ تمہارے خلفاء بیچارے آذان جیسی عبادت کو بھی محفوظ نہ رکھ سکے تمہاری حدیثوں میں فصول آذان کتنی ہیں اس میں آپکی احادیث کا سخت اختلاف ہے۔ الصلوٰۃ خیر من النوم کی بدعت تمہاری آذان میں کس طرح جاری ہوئی تمہارے بھانت بھانت کے اقوال ہیں : تم نے جو شریعت بنا یا ہوا ہے وہ دین نبی نہیں ہے بلکہ وہ فقہ عمر ہے اور وہ تمام مسلمانوں کو نا منظور ہے تمہاری علمی لیاقت تو اتنی ہے کہ تم اپنی کتابوں کی روشنی میں امت مسلمہ کو آذان جیسی عبادت صحیح طور پر نہیں بتا سکتے : اذان میں، الصلوٰۃ خیر من النوم عمر نے کس طرح داخل کیا۔ اور کس طرح خود اسکو بدعت کہا ! اس مسئلہ سے پورا دیوبند پریشان ہے اور بدعت عمر کی تصحیح کے خاطر جو تاویلات تمہارے علماء نے گھڑی ہیں اُن کی شیعہ عالم مفتی محمد قلی نے دھجیاں اُڑا دی ہیں مذکورہ بدعت عمر کی تفصیلات کی خاطر علماء شیعہ کو تاکید کی جاتی ہے کہ مفتی محمد قلی رحمۃ اللہ کی کتاب تشیید المطاعن کی طرف رجوع کیا جائے ۔ یہ کتاب سنیت کے تابوت میں آخری میخ ٹھونک دی گئی ہے

# قوم معاویہ خیل کی آذان وحی الٰہی سے نہیں بلکہ نو مسلم شیخوں کے خوابوں سے نازل ہوئی ہے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب سنن ابی داود ص ____ باب الاذان
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح ترمذی ص ____ " "
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب سنن ابن ماجہ ص ____ " "

سنن ابو داود [ ابو عمیر بن انس روایت کرتا کہ نماز کی خاطر لوگوں کی عبادت ] کو جمع کرنے کے لیئے نبی کریم بہت پریشان تھے کچھ صحابہ نے مشورہ دیا کہ القیعہ بجایا جائے نبی پاک نے فرمایا کہ یہ تو قوم یہود کی نشانی ہے ایک صحابی کہا کہ ناقوس بجایا جائے انجناب نے فرمایا یہ نصاری کی نشانی ہے پھر اخر میں نبی پاک نے حکم دیا کہ ناقوس ہی بجایا جائے پھر بکڑی کھلا ناقوکمن ہی بنایا گیا۔ عبداللہ بن زید اس میٹنگ کے بعد پریشان ہوکر واپس گھر آکر سوگیا اور پھر خواب میں اسکو اذان پڑھا دی گئی صبح اٹھ کر اس نے نبی کریم کو اپنا خواب سنایا اور امیر عمر نے بھی ایسا ہی خواب جو کہ ۲۰ دن سے انہوں نے چھپایا ہوا تھا (تقیہ) کے تھیلے سے نکال کر نبیؐ پاک کو پیش کر دیا۔

نوٹ ارباب انصاف قرآن پاک .... میں ہے کہ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا یُوْحٰی اِلَیَّ کہ نبی پاک فرماتے ہیں کہ شریعت کی باتوں میں صرف وحی الٰہی کی میں پیروی کرتا ہوں۔ اور اہل سنت کی تین کتب صحاح ستہ سے کہتی ہیں کہ حضور صحابہ کے خوابوں پر عمل کرتے تھے۔ اب فیصلہ ارباب انصاف تم پر ہے



# اہل سنت احباب کو دیانت اور انصاف کی رُو سے دعوت فکر

کہاوت مشہور ہے کہ جھوٹے وا منہ کالا سچے دا بُول بالا۔ صحابہ کے خواب سے آذان کا نازل ہونا سفید جھوٹ ہے اسی لیئے تو امام بخاری اور مسلم اس خواب والی روایت کو نبیذ فاروقی کی مانند پی گیئے ہیں اور ڈکار بھی نہیں لیا۔ جو ملاں گز بھر کی زبان نکال کر اور بانچھیں ٹیڑی کر کے کہتے ہیں کہ شیعوں نے آذان میں کچھ اور ملالیا ہے ہم انکو جواباً گزارش کرتے ہیں کہ تم شیعوں کو تو ایک طرف رکھو وہ تو بقول تمہارے نامی ملاؤں کے اسلام سے ہی دور ہیں اور تم جنہوں نے اسلام کو بہنے دے رکھی ہے تمہاری تو ساری آذان ہی غلط ہے کیونکہ تم نے آذان وحی خداوندی سے نہیں بلکہ صحابہ کے خوابوں سے لی ہے اور صحابہ کس باغ کی مولی تھے کہ انکے خوابوں سے دین خدا بنتا ہے اور بہت افسوس کا مقام یہ ہے کہ اہل سنت کی اس خواب والی آذان میں انکے من الصلوۃ خیر من النوم بھی نہیں ہے۔ ع سخن راست تلخ میباشد۔ سچ آکھیاں مرچاں لگدیاں نے قرآن کہتا ہے کہ نبی کریم شریعت وحی الٰہی سے لیتا ہے اور تمہاری کتب احادیث یہ کہتی ہیں کہ وہ صحابہ کے خوابوں سے لیتا ہے پس تمہاری آذان کے بارے یہ خواب والی رپوٹ تعلیمات قرآن کے خلاف کھلی ہوئی بغاوت ہے اور شیعوں کے عقیدہ میں جیسا کہ انکی کتابوں میں لکھا ہے کہ آذان وحی الٰہی سے وجود میں آئی ہے۔ شیعوں کی فقہ سے۔ فقہ دیوبند کا مقابلہ آسان نہیں ہے کہ بارش کی خاہر۔

## اذان میں علی ولی اللہ پر میر صاحب کا فیصلہ کن مناظرہ

ایک دن میر صاحب جو میرے ایک دوست تھے مجھ سے ملے میں نے اُن سے کہا کہ میر صاحب آپ شیعوں کا اہل سنت دوستوں پر اعتراض ہے اُنکی اذان میں زیادتی ہے مگر اُن کا بھی آپ پر اعتراض ہے کہ تم شیعہ لوگ اذان میں علی ولی اللہ کیوں کہتے ہو ۔ میر صاحب نے فرمایا کہ میرا اہلِ دیوبند سے اس مسئلہ پر ایک فیصلہ کن مناظرہ ہو چکا ہے میں نے کہا اختصار کے ساتھ فرمایئے کہ آپ نے کتنے جواب دیئے تھے ۔ انہوں نے فرمایا غور سے سنیئے ۔

**پہلا جواب** | میر صاحب نے فرمایا کہ ہمارے دادا جی کے کتب خانہ میں ایک کتاب تھی جسکا نام ہے معاجیم الرشاد للسید محمد الطبسی اور صاحب فلک النجاۃ نے بھی اسی کتاب کا اپنی فلک ص ۱۳۲ ذکر اذان میں حوالہ دیا ہے ۔ کہ انہ کان فی عہد النبی وترک فی زمان خلفا بنو امیہ ۔

**ترجمہ** : اذان میں علی ولی اللہ نبی کریم کے زمانے میں کہا جاتا تھا پھر دشمنان اسلام بنو امیہ کے زمانہ میں روک دیا گیا ۔ میں نے کہا شاید میر صاحب یہ کتاب قلمی ہوگی فرمانے لگے دادا جی کے کتب خانہ میں قلمی تھی البتہ بعد میں چھپ گئی تھی پھر میر صاحب نے کہا کہ میری اس دلیل کو سُن کر مخالف بالکل بوکھلا گئے اور کہنے لگے میر صاحب آپ پہلے قرآن سے ثبوت پیش کریں ۔

## اذان میں علیّ ولی اللہ کا ثبوت قرآن پاک سے

سورہ معارج پارہ ۲۹ آیت ۳۳ وَالَّذِينَ هُم بِشَهَادَاتِهِمْ قَائِمُونَ ،
ترجمہ مؤمن وہ ہیں جو شہادات پر قائم ہیں ،



**دوسرا جواب** | میر صاحب نے فرمایا کہ اس آیت میں اللہ نے مؤمنوں کی تعریف کی ہے کہ وہ شہادات پر قائم رہتے ہیں ۔ اور شہادات جمع کا صیغہ ہے جس کا اطلاق کم سے کم تین پر ہوتا ہے معلوم ہوا کہ شہادات یعنی گواہیاں مؤمنین کے لئے تین ہیں پہلی شہادت اللہ پاک کی حقانیت کی گواہی دوسری شہادت نبی پاک کی رسالت حقہ کی گواہی اور تیسری شہادت مولی کی ولایت کی گواہی پس معلوم ہوا کہ اس آیت کی رُو سے اذان میں علی ولی اللہ ثابت ہے

**تیسرا جواب** | پھر میر صاحب نے کہا کہ بھائی میں نے علیّ ولیّ اللہ اذان میں قرآن سے ثابت کرنے کے بعد مخالفین سے کہا کہ شیخ عبد اللہ مراغی مصری علماء اہل سنت سے ہے انہوں نے اپنی کتاب السلافہ فی امر الخلافہ میں جیسا کہ رسالہ جزیرہ خضراء ص ۲۷۱ میں لکھا ہے کہ سلمان فارسی اور ابو ذر غفاری اذان اور اقامت میں علیّ ولی اللہ پڑھتے تھے کسی نے نبی پاک سے کہا کہ ہم نے ان دونوں سے اذان میں علی کی ولایت کی گواہی سنی ہے ۔ نبی پاک نے فرمایا کیا تم نے غدیر خم میں مجھ سے یہ نہیں سُنا من کنت مولاہ فھذا علی مولاہ کہ میر صاحب نے کہا کہ اذان میں علیّ ولیّ اللہ کی تاریخ مجھ سے سُن کر گھبرا گئے

**چوتھا جواب** | پھر بقول میر صاحب میں نے ان کو کتاب تنویر الایمان محمد بن یعقوب الکلینی پیش کی اس کتاب کا بھی مولانا امیر الدین نے فلک النجاہ ص ۱۲۳ میں حوالہ دیا ہے کہ یہ حدیث بھی موجود ہے اشہد ان امیر المؤمنین و امام المتقین علیاً ولی اللہ میں نے کہا میر صاحب یہ کتاب بھی آپکے دادا جی کے کتب خانہ کی قلمی کتاب ہوگی فرمانے لگے ہاں صحیح ہے ۔

پانچواں جواب | پھر میر صاحب نے کہا کہ میں نے ملاؤں کو سمجھایا کہ تمہاری یہ بحث
کہ علی ولی اللہ جز اذان ہے تجاہل عارفانہ ہے کیونکہ آپ کو اچھی طرح معلوم ہے
کہ مولا علی خود نفس اذان ہے۔ تفسیر برہان صفحہ ۱۰۳/۲ سورہ توبہ آیت اذان من اللہ
ورسولہ اور تفسیر میزان صفحہ ۱۷۹ پارہ ۱۰ آیت مذکورہ میں بحوالہ تفسیر درمنثور
لکھا ہے امام زین العابدینؑ نے فرمایا کہ امیر المومنین حضرت علیؑ خود اذان ہیں
چھٹا جواب :۔ | اہل سنت کے عقیدہ میں اذان میں اگر شہادتین اور اللہ اکبر کے
علاوہ کچھ اور کہہ دیا جائے تو اذان کا کچھ نہیں بگڑتا کتاب اہل سنت کشف الغمہ میں
عبدالوہاب شعرانی نے لکھا ہے کہ جس رات سردی زیادہ اور بارش ہوتی تھی تو
نبی کریم اپنے موذن کو فرماتے کہ الحیعلتین کے بعد یہ اعلان کرالا صلوا فی
رحالکم کہ تم اپنی قیامگاہ میں نماز پڑھو معلوم ہوا کہ عام کلام سے اذان کا
کچھ نہیں بگڑتا اور مولا علیؑ کا ذکر تو عبادت ہے یہ تو اذان کو چار چاند لگا
دیتا ہے۔ نیز مذکورہ کتاب صفحہ ۷۵ ذکر اذان میں لکھا ہے کہ عاصم بن ہبیرہ
کہتا ہے کہ میں صحابی رسول عبداللہ بن مسعود کا موذن تھا اور میں لا
الہ الا اللہ کے بعد یہ بھی کہتا تھا کہ وانا من المسلمین ۔

ساتواں جواب :۔ پھر میر صاحب نے کہا کہ میں نے مخالفین کے سامنے
کتاب اہل سنت خلاصہ التفاسیر السنہ کو پیش کیا اس کا فلک النجاہ
صفحہ ۱۳۴ میں بھی حوالہ ہے کہ کتاب مذکورہ کے صفحہ ۵۴۱ میں لکھا
ہے کہ جائز نہیں شیعوں کی اذان پر تمسخر کیا جائے اگرچہ وہ زوائد سے ہو کچھ
ہو، میں نے کہا میر صاحب شائد آپکی اذان سے مذاق کو رد کرنے
کی خاطر یہ آیت اتری ہے واذا نادیتم الی الصلوۃ اتخذوھا ھزوا
ولعبا کہ جب تم شیعہ لوگ نماز کے لیے پکارتے ہو تو کفار لوگ :



اسکو مخول اور کھیل بنا لیتے ہیں

اٹھواں جواب :۔ میر صاحب نے کہا کہ شہادت ثالثہ کے بارے میں۔
مخالف کو للکار کر کہا کہ کنز العمال صفحہ ۱۵۲/۶ باب فضائل علی میں لکھا ہے
عن عائشۃ ذکر علی عبادۃ کہ
حضرت علیؑ کا ذکر عبادت ہے پس اگر اذان میں یہ ذکر آجائے تو نور
علی نور دوہری عبادت ہوگی۔

## ملاؤں کی طرف سے بلال والی آذان کا بار بار حوالہ

میر صاحب نے فرمایا کہ ایک ملاں جو ابوسفیان کی طرح پستے قد کا تھا اور مروان
کی طرح شرارتی تھا وہ اپنی صحاح ستہ سر پر اٹھا کر کھڑا ہو گیا اور شور کرنے لگا کہ بلال
جو آذان دیتا تھا اس میں علی ولی اللہ کا ذکر نہیں ہے میر صاحب صفائی
پیش کریں۔

## بلال کی آذان میں الصلوۃ والسلام یا رسول اللہ بھی نہیں ہے

بقول میر صاحب میں نے اس ملاں سے کہا کہ کہاوت مشہور ہے کہ
ع سوئے کھوتی تے کلے گھمیلد۔ تمہارا مناظر خاموش ہے اور تمہیں دردزہ
شروع ہے صحاح کے ساتھ قرآن بھی ملا کر سر پر اٹھا لو اور ثابت کر دو کہ بلال
والی آذان میں الصلوۃ والسلام یا رسول اللہ کہاں لکھا ہے اور اہل سنت
کی مساجد سے جو اذان آتی ہے اس میں یہ کلمات کیوں پڑھے جاتے ہیں میر
صاحب نے کہا کہ میرے سوال کے بعد وہ ملاں بانچھیں ٹھٹھریں کر کے کہنے لگا اہل
سنت ۔

یہ کلمات آذان میں نبی پاک سے اظہار نیاز مندی کے لئے شامل کرتے ہیں،
بقول سید صاحب یہ لنے کہ کہاوت مشہور ہے۔
۴ آپ ہی آپ تم ہی تم میں کون چھوڑ دے۔ کل الناس رامن عقلہ ہر آدمی اپنے خیال میں بڑا عقلمند ہے۔ شیعہ لوگ بھی آذان میں علی ولی اللہ اپنے مولا علیؑ سے عشق و محبت اور اظہار نیاز مندی کی خاطر کہتے ہیں۔

## ملاں اعظم کی طرف سے بدون قصد جزئیت کا رَولا

بقول سید صاحب ملاں اعظم نے اس بات پر بہت زور دیا کہ شیعوں کی کتابوں میں فقہاء شیعہ کے یہ فتوے ہیں کہ شہادت ثالثہ اذان میں بدون قصد جزئیت پڑھی جائے اور قصد جزئیت بالکل نہ کیا جائے۔ سید صاحب نے کہا میں نے ملاں اعظم کو للکار کر کہا کہ ہمارے فقہاء اور مجتہدین کے فتوے ہمارا سر آنکھوں پر ہیں اور ہمارے علماء ہمارے سر کے تاج ہیں اور اعلیٰ درجہ کے دیانتدار ہیں اور مثل معروف ہے کہ سخن راست تلخ ہے شاید تمہارے فقہاء بڑے بد دیانت ہیں ہمارے فقہاء نے جس طرح بھی آذان میں شہادت ثالثہ کے بارے فتویٰ دیا ہے ہم اسکے پابند ہیں عبادات کی بعض اجزاء مستحب اور بعض واجب ہوتی ہیں اذان میں شہادت ثالثہ کو بعض فقہاء مستحب کہتے ہیں اور بعض نے تو اسکے وجوب کا بھی فتویٰ دیا ہے، اسکے بعد سید صاحب نے دو کتب میں پیش کیں۔



## آذان میں شہادہ ثالثہ کے بارے صاحب جواہر الکلام علامہ محمد حسین کا نظریہ اور مجلسی مرحوم کی تائید

اہل تشیع کی کتاب جواہر الکلام ص ۸۷ جلد ۹ کتاب الصلوۃ باب الاذان
فعن المجلسی انہ لا یبعد کون الشہادۃ بالولایۃ من الاجزاء المستحبۃ للاذان استناداً الی ہذہ المراسیل۔
ترجمہ سرکار علامہ مجلسی فرماتے ہیں کہ کوئی بعید نہیں اس بات سے کہ علی ولی اللہ کا پڑھنا اذان کے اجزاء مستحبہ سے ہو اور دلیل اسکی مراسل روایات ہوں۔
نوٹ یہ عبارت پیش کر کے سید صاحب نے فرمایا کہ ادلہ سنن میں فقہاء قاعدہ تسامح جاری فرماتے ہیں جسکا مطلب یہ ہے کہ اگر روایت سند کے لحاظ سے ضعیف ہو تو بھی اس روایت کے مطابق استحباب کا فتویٰ دیا جا سکتا ہے۔

## شہادت ثالثہ سے آذان کی ترتیب اور موالاۃ میں فرق نہیں پڑتا

کتاب جواہر الکلام ذکر آذان ولا یقدح مثلہ فی الموالاۃ والترتیب بل ھی کالصلوۃ علی محمد عند سماعہ
ترجمہ، علی ولی اللہ کے پڑھنے سے آذان کی ترتیب اور موالاۃ میں کوئی خامی پیدا نہیں ہوتی بلکہ یہ شہادت اسی طرح ہے کہ جس طرح نبی کریم کے نام مبارک کو سننے کے بعد درود شریف پڑھا جانا۔

## مجتہد اعظم سید محسن حکیم کا آذان میں علی ولی اللہ کے پڑھنے کے وجوب کا فتویٰ اور میر صاحب کی فتح

کتاب اہل تشیع مستمسک العروۃ الوثقی صفحہ ۵۴۴ جلد ۴ باب الأذان بل ذالك فی هذه الاعصار معدود من شعائر الایمان ورمزا الی التشیع فیكون من هذه الجهة راجحا شرعا بل قد یكون واجبا لكن لا بعنوان الجزئیة من الاذان۔

ترجمہ: آذان میں علی ولی کا پڑھنا ان زمانوں میں علامت ایمان ہے اور شعار و علامت مذہب شیعہ ہے پس اس جہت سے اس شہادت میں شرعاً رجحان ہے بلکہ کبھی تو بجائے استحباب کے اسکا پڑھنا واجب ہے البتہ بغیر قصد جزئیت کے بقول میر صاحب اس فتویٰ کے بعد علی علی کا نعرہ گونجنے لگا

## مذکورہ حوالہ جات کے بعد میر صاحب کا ملاؤں کو للکارنا

ارباب انصاف بقول میر صاحب میں نے تمام علماء اہل سنت کو دیانت اور انصاف کا واسطہ دیکر دعوت فکر دی کہ آذان میں علی ولی اللہ کے پڑھنے کی بابت جب روایات بھی موجود ہیں اور فتاویٰ علماء بھی موجود ہیں تو پھر اعتراض ہی ختم ہو گیا اور اس بحث کے بجائے آپ اپنی آذان میں الصلوۃ خیر من النوم کی زیادتی اور حی علی خیر العمل کی کمی کے بارے بھی تو کوئی صفائی پیش کرو۔



## شیعوں کی آذان کی بابت مولوی محمد علی بلال گنجی کی بدزبانی اور کذب بیانی اور اس ناصبی ملاں کو دندان شکن جواب

ارباب انصاف اس ملاں کو ناصبی بننے کا بہت شوق ہے اس لئے یہ اہل سنت کا ترجمہ ناصبی کرتا ہے۔ اور یہ ملاں ریت کے کو ٹھے اسارنے میں بہت ماہر ہے اور کیجربختی کا بہت بڑا بادشاہ ہے اس نادان سے کوئی پوچھے کہ جب فقہاء شیعہ خود فرماتے ہیں کہ شہادت ثالثہ کو آذان میں قصد جزئیت سے نہ بجالایا جائے اور شیعہ لوگ بھی قصد جزئیت نہیں فرماتے تو پھر اسکو درد زہ کیوں ہوا؟ اور عبارات کو توڑ موڑ کر اپنے نامہ اعمال کو قلب فاروق کی طرح کیوں سیاہ کیا ہے۔ اور سنو صرف کہ جب ہمارے علماء خود مذمت فرماتے ہیں اور ہم اسسے برائت اختیار کرتے ہیں تو بات ہی ختم ہو گی۔ ہم لوگ امامیہ شیعہ اثنا عشریہ ہیں

## مولوی محمد علی کا کتاب المبسوط کی عبارت میں

## اپنے بزرگوں کی طرح خیانت اور بددیانتی کرنا اور منبر پر لعنت کی سیاہی ملنا

ارباب انصاف شیعہ مذہب کے عالم شیخ طوسی نے اپنی کتاب المبسوط باب الأذان میں لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص علی ولی اللہ بقصد جزئیت بھی آذان میں پڑھ لے تو گنہگار نہ ہو گا۔

اصل عبارت یوں ہے علی ما ورد فی شواذ الاخبار فلیس

معمول علیہ ذلو فعلہ الانسان لم یأثم بہ

یعنی شہادۃ ثالثہ کا ذکر آذان میں شواذ اخبار میں آیا ہے اور ان پر بقصد جزئیت عمل نہیں ہوا اور اگر ان پر بقصد جزئیت کوئی شخص عمل کرے تو لم یأثم وہ گنہ گار نہیں ہوگا۔

## شیخ طوسی اور شہید اول کا فیصلہ بابت آذان

کتاب شرح لمعہ صفحہ باب الآذان میں لکھا ہے وبدون اعتقاد ذالک لاحرج وفی المبسوط اطلق عدم الاثم بہ ومثلہ المصنف فی البیان۔

اگر کوئی شخص بغیر قصد جزئیت کے آذان میں شہادۃ ولایت بجالائے تو کوئی حرج نہیں ہے اور شیخ طوسی نے مبسوط میں فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص بدون قصد جزئیت یا شواذ اخبار پر عمل کرتے ہوئے قصد جزئیت سے شہادۃ ولایت کو آذان میں بجالائے تو کوئی حرج نہیں ہے اور شہید اول شمس الدین ابوعبداللہ محمد بن جلال الدین کا اپنی کتاب البیان میں بھی اسی کی مثل فتویٰ ہے۔

نوٹ ارباب انصاف مولوی محمد علی نے یہ بددیانتی فرمائی ہے کہ عبارت سے لم یأثم ایک لفظ تھا اس خائن ملاں نے حرف لم کو گرا دیا ہے اس حرف کے ہوتے ہوئے معنی یہ ہے کہ وہ گنہ گار نہیں ہوگا اور جب یہ گر جائے تو معنی یہ ہوگا کہ وہ گنہ گار ہوگا۔ اور اس طرح خیانت علمی کرنے سے نعمین کی جھوٹی خلافت اور نعمان کی جھوٹی فقہ کی ٹوٹتی ہوئی چولوں کو پیوند نہیں لگ سکتی۔



## کتاب من لایحضرہ الفقیہ اور ناصبی ملاں محمد علی کی واویلا

ارباب انصاف کتاب من لایحضرہ الفقیہ میں فصول آذان لکھی ہیں اور پھر مصنف نے کہا ہے یہ فصول آذان صحیح ہے اس میں نہ کمی کی جائے اور نہ ہی زیادتی اور جن لوگوں نے زیادتی کی ہے وہ مفوضہ ہیں اور وہ لعنتی ہیں۔ کتاب مذکور میں مذکورہ عبارت جب ہمارے معاصر اعلیٰ حضرت کو نظر آئی تو ڈھول کی طرح پھول گئے

## چوہیا کو ادرک کی ڈلی ملی اور وہ پنساری بن بیٹھی

ارباب انصاف مذکورہ عبارت کتاب مذکور میں مولانا صاحب پڑھ کر محقق بن بیٹھے۔ محترم قارئین کتاب من لایحضرہ الفقیہ کی عبارت بالکل درست ہے اور ہمارا بھی یہی دعویٰ ہے کہ شیعوں نے آذان کے فصول میں نہ ہی کمی کی ہے اور نہ ہی زیادتی کی ہے مفوضہ کچھ بھی ہوں ہمارا انسے کوئی تعلق نہیں ہے اور صاحب کتاب شیخ صدوق کا ان پر تنقید کرنا ہی اس امر کا ٹھوس ثبوت ہے کہ شیعہ اثنا عشریہ اور ہیں اور مفوضہ اور ہیں اور انکے غلط عقیدوں سے ہمارا کوئی تعلق نہیں ہے۔ رہا یہ مسئلہ کہ شیعہ آذان میں شہادۃ ولایت کیوں پڑھتے ہیں ہم مفوضہ کی پیروی نہیں کرتے بلکہ شیعہ فقہ میں باب اجتہاد ہمیشہ کھلا ہے اور اب ہمارے فقہاء اور مجتہدین کا یہ فتویٰ ہے کہ چونکہ مرسل روایات سے شہادت ولایت کا آذان میں ثبوت ملتا ہے پس بدون قصد جزئیت اسکا پڑھنا ثواب ہے۔

## مولوی محمد علی کا فیصلہ کہ الفاظ آذان میں جو کمی یا زیادتی کرے

## وہ بدعتی بلکہ لعنتی ہے اور امیر عمر نے یہ دونوں کام کیے پس عمر کا نتیجہ

ارباب انصاف بلال گنج محدث نے اپنی کتاب فقہ جعفریہ صـ۳۶۰ میں آذان میں کمی یا زیادتی کرنے والے کو بدعتی اور لعنتی قرار دیا ہے ۔ ہم اس مولانا کو دیانت اور انصاف کا واسطہ دے کر پوچھتے ہیں کہ آپکی کتابیں گواہ ہیں کہ امیر عمر نے فصول آذان سے حی علی خیر العمل کم کیا ہے اور الصلوۃ خیر من النوم کو زیادہ کیا ہے ۔ پس آپکے فتوے کی رو سے آپکا امیر بھی آگیا ، اور آپکے دونوں تمغے بدعتی اور لعنتی آپکے اپنے گھر میں فٹ آگئے اعلیٰ حضرت ع ہو المسک ما کررتہ یتضوع ہماری تحقیق بھی مثل کستوری کے ہے آپ اسکو جتنا ملیں گے خوشبو زیادہ آئے گی ، شیعوں کے بارے آپ محقق بن گئے ہیں گویا چوہا در خواب شتر شد کہ چوہا خواب میں اونٹ بن گیا ، اعلیٰ حضرت شیعوں کو تم ایک طرف رکھو وہ تو بقول تمہارے حرامی ملاؤں کے اسلام سے بہت دور ہیں تم جنہوں نے اسلام کو بہن دے رکھی ہے ذرا اپنی آذان کی صفائی تو پیش کریں تمہاری آذان وحی خداوندی سے نہیں بنی تمہاری آذان میں کمی بھی ہے اور زیادتی بھی ہے اور یہ سب کرتوت تمہارے امیر عمر کے ہیں کیا آپ عمر صاحب کی بدعات کی صفائی پیش کر سکتے ہیں ۔

ع لن یصلح العطار ما افسد الدھر من مالی

تو دین اسلام میں عمر کتار ہا اور شامت اب تم بیچارے ملاؤں کی آگئی ہے بجم ہے ۔ ع نانی خصم کیتا چٹی دوہترے نوں ۔



## الصلوۃ خیر من النوم کی صفائی مولوی محمد علی

## نے اس طرح دی ہے جس طرح بوسہ بعد از انزال ہوتا ہے

مولانا محمد علی کو خدا نے اس مسئلہ میں بالکل توفیق نہیں دی کہ وہ اپنے ان صحابہ جنکی شان یہ ہے ع آگ لین آئی اور بن گئی گھر والی ۔ کوئی روایت انکی زبانی نبی کریم سے اپنی بخاری یا مسلم کتاب سے پیش فرماتے ، اور حدیث پیش ہی کس طرح کرتے جبکہ وہ ہے ہی بدعت عمر ، ع ہر عیب کہ سلطان بپسندد ہنر است جو عیب اور بری بات بادشاہ سلامت کو پسند آجائے وہ ہنر کہلاتی ہے ، یہ من النوم والی برائی آذان میں عمر کو پسند آگئی اور قوم عمر کے گلے پڑگئی ۔ اور اب حالت یہ ہے کہ ع کسے نگوید کہ دوغ من ترش است اس من النوم کی صفائی میں اس ملاں نے ایک یہ دلیل دی ہے کہ اسکا معنی اچھا ہے کہ نماز نیند سے بہتر ہے ہم کہتے ہیں کہ ابوبکر عمر عثمان کے الفاظ میں کیا برائی ہے آپ انکو بھی آذان میں پڑھیں ایک یہ عذر بھی پیش کیا ہے کہ کتاب شیعہ تہذیب الاحکام میں لکھا ہے کہ امام زین العابدین گھر میں بچوں کو جگانے کے لئے الصلوۃ خیر من النوم کہتے تھے ہم اسکا یہ جواب دیتے ہیں کہ گھر اور چیز ہے اور آذان اور چیز ہے روایت میں فی بیتہ کا لفظ ہے ، کہ گھر میں ، اور اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ آنجناب آذان میں بھی یہ کہتے تھے ، اور کتاب شیعہ من لا یحضرہ الفقیہ میں یہ جو لکھا ہے کہ تقیہ کے مقام پر الصلوۃ خیر من النوم آذان میں کہنا درست ہے اس کو بھی شیعوں کے خلاف نہیں پیش کیا جا سکتا ۔ کیونکہ صحیح بخاری میں لکھا ہے کہ تقیہ قیامت تک جائز ہے

# آذان کے درمیان خلفاء کے نام لینا فقہ حنفیہ میں جائز ہیں

# اور یہ فتوی دشمنان علیؑ کے منہ پر جوتا ہے

ثبوت ملاحظہ ہو کتب اہل سنت سے

۱۔ فتح القدیر شرح ہدایہ ص۲۱۵ لابن ہمام ذکر آذان
۲۔ الکفایہ شرح ہدایہ ص۲۱۵ لجلال الدین خوارزمی
۳۔ العنایہ شرح ہدایہ ص۲۱۵ لمحمد بن محمود
۴۔ البدایہ والنہایہ ص۱۸۵ جلد۹ لابن کثیر دمشقی
۵۔ اوجز المسالک شرح موطا امام مالک ص۲۷ ج۲

| کفایہ کی عبارۃ | وما احدثه ابو یوسف للامیر بان یقول السلام علیک ایها الامیر حی علی الصلوۃ |
|---|---|

لانهم خلفاء رسول الله ۔

اور جو امام اہل سنت ابو یوسف نے بدعت جاری کی ہے کہ مؤذن آذان کے درمیان خلیفہ اور امیر کو کہے السلام علیک ایها الامیر اور پھر کہے حی علی الصلوۃ یہ بدعت اس لئے جاری کی ہے کہ یہ امراء خلفاء رسول اللہ ہیں۔

| البدایہ کی عبارۃ | ورأیت مؤذنی عمر بن عبد العزیز یسلمون علیه فی الصلوۃ حی علی الصلوۃ |
|---|---|

ابن عساکر نے ترجمہ جریر بن عثمان میں لکھا ہے کہ جریر کہتا ہے کہ میں نے عمر بن عبد العزیز کے مؤذن سے سنا تھا وہ۔



# فقہ حنفیہ میں جب آدمی جسکے منہ اور داڑھی اور باقی بدن پر منی لگی ہے وہ آذان دے سکتا ہے

ثبوت ملاحظہ ہو اہل سنت کی کتابوں سے۔

۱۔ اوجز المسالک شرح موطا امام مالک ص۲۱ ج۲ باب النداء علی غیر وضوء
۲۔ رد المحتار علی الدر المختار شرح تنویر الابصار ص۲۹۳ ج۱ باب آذان۔
۳۔ الروضۃ الندیہ شرح الدرر البہیہ ص۷۷ ج۱ ذکر آذان
۴۔ الرحمۃ الامۃ فی اختلاف الائمۃ ص۳۳ بر حاشیہ میزان
۵۔ میزان الکبری ص۱۴۴ ج۱ مؤلف عبد الوہاب شعرانی

| رد المحتار کی عبارۃ | فأذان الفاسق والمرأۃ والجنب صحیح<br>بدکردار اور عورت اور جس نے غسل جنابت نہیں |
|---|---|

کیا اگر یہ لوگ آذان دیں تو آذان صحیح ہے

| میزان الکبری کی عبارۃ | ومن ذالک اعتداد الثلثة بأذان الجنب سوائے احمد کے باقی تین امام اہل |
|---|---|

سنت کے مالک اور شافعی اور نعمان جنب شخص کی آذان صحیح سمجھتے ہیں

نوٹ ارباب انصاف کہاوت ہے کہ جب کتے کی موت آئے تو وہ مسجد میں سوتا ہے اور جب کسی ناصبی ملاں کی موت آئے تو وہ شیعوں سے چھیڑ چھاڑ کرتا ہے گکھڑوی محمد علی اور دیگر نواصب کا شیعوں پر اعتراض تھا کہ انکی فقہ میں جنب کی آذان درست ہے اور ہم کہتے ہیں کہ یہ تو اہل سنت کے تین اماموں کا فتوی ہے اور نواصب کے منہ پر جوتا ہے۔

آذان کے درمیان منبر پر اس طرح سلام کرتا تھا السلام علیک یا امیر المومنین حی علی الصلوٰۃ (نوٹ: اگر آذان میں معاویہ کے ناموں کی گنجائش ہے تو علیؑ کے نام کی کیوں نہیں؟)

## آذان میں خلفاء پر سلام کی بدعت کا

بانی امیر شام ناصبیوں کا امام معاویہ ہے۔

اوجز المسالک کی عبارت ] قلت للزہری من اول من سلم علیہ فقال معاویہ بالشام ومروان بالمدنیۃ۔

ابن ابی ذئب کہتا ہے کہ میں نے زہری سے پوچھا کہ آذان میں سب سے پہلے کس پر سلام کیا گیا اس نے کہا معاویہ پر نوٹ ارباب انصاف کہاوت مشہور ہے کہ ع صدائے دہل از خالی بودن شکم است حزب الاحناف کا زیادہ شور اور رولا انکے اندر سے خالی ہونے کے باعث ہے ع بچہ اکھیاں مرچاں سگریاں نے وہ خلیفے جنکے دن مخلوق خدا پر ظلم کرنے میں گزرتے تھے اور راتیں شراب اور کباب میں بسر ہوتی تھیں انکے نام لینا تو آذان کے درمیان انکو گوارہ تھے اور سنتے تھے اور خوش ہوتے تھے مگر امیر المومنین امام الہدیٰ علی بن ابی طالب کی ولایت اور خلافت بلافصل کی گواہی آذان میں جب پڑھی جائے تو یہ گویا کہ تھری ناٹ کی گولی ہے جو ان نواصب کے جگر سے پار ہوتی ہیں اور پھر یہ ذریت نبوزرقاء غریب شیعوں کے لئے مال کے محقق اور مفتی بن جاتے ہیں



## عقیدہ بداء میں اہل سنت اور اہل تشیع دونوں متحد ہیں اور اسکے خلاف جو سنی ملاں کہتا ہے وہ علمی خیانت کرتا ہے!

ثبوت ملاحظہ

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر ابن کثیر دمشقی ص ۵۱۹ ج ۲ آیت ۳۹ الرعد۔
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر در منثور ص ۶۶ ج ۴ الرعد م جلال الدین سیوطی
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر طبری ص پارہ ۱۳ الرعد۔ آیت ۳۹
۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر ص ۴۱ ج ۵ الرعد م فخر الدین رازی
۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر غرائب القرآن پارہ ۱۳ آیت ۳۹ م نظام نیشاپوری
۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر قاسمی ص ۲۷۲ ج ۹ آیت ۳۹ م جمال الدین قاسمی
۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر المراغی ص ۱۱۵ ج ۴ م احمد المصطفیٰ المراغی
۸۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر قرطبی ص ۳۳ ج ۵ مؤلف محمد بن احمد قرطبی
۹۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر مظہری ص ۳۵ ج ۵ پارہ ۱۳ م قاضی ثناء اللہ عثمانی
۱۰۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر نسفی ص ۱۵۳ ج ۲ م ابو البرکات محمد النسفی
۱۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر فتح القدیر ص ۸۴ ج ۳ الرعد م محمد شوکانی
۱۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کشاف ص ۵۳۲ ج ۲ م محمود بن عمر زمخشری
۱۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر بیضاوی ص ۱۵۴ ج ۳ م عبد اللہ بن عمر بیضاوی
۱۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر معالم التنزیل ص ۲۲ ج ۴ بر حاشیہ خازن
۱۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر خازن ص ۲۲ ج ۴ الرعد آیت ۳۹ پ ۱۳
۱۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر جامع البیان ص ۲۵۴ م معین الدین شافعی

١٧۔ اہل سنت کی معتبر کتاب معارف القرآن ج ۵ ص ۲۰۳ مفتی محمد شفیع

١٨۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر حقانی ص ۳۶۰ مؤلف شیخ عبدالحق حقانی دہلوی

١٩۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر مواہب الرحمن پارہ ۱۳ ص ۲۷ امام بحر السلام امیر علی

٢٠۔ اہل سنت کی معتبر کتاب روح المعانی ص ۱۷۱ پارہ ۱۳ امام سنی بغداد الالوسی

پارہ ۱۳ سورۃ الرعد آیت ۳۹ قرآن مجید

**یَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ وَعِنْدَهُ أُمُّ الْكِتَابِ (۳۹)**

ترجمہ: مٹا دیتا ہے اللہ پاک جو چاہے اور ثابت رکھتا ہے جو چاہے اور اسی کے پاس ام الکتاب ہے۔

نوٹ: ارباب انصاف مذکورہ ۲۰ عدد کتب اہل سنت کا ہم نے دیانت داری سے مطالعہ کیا ہے اور ان میں احادیث نبویہ اور اقوال صحابہ و تابعین اور نظریات علماء کو خوب غور سے پڑھا ہے امام اہل سنت محمد ابن جریر طبری نے اور امام اہل سنت علامہ جلال الدین السیوطی نے اپنی اپنی تفسیر میں اس مذکورہ آیت کی تشریح میں احادیث نبویہ اور اقوال صحابہ و تابعین کا ذخیرہ جمع کرنے میں بہت محنت کی ہے اور فراخ دلی سے کام لیا ہے اور امام النواصب ابن کثیر دمشقی نے بھی اس آیت کی تفسیر میں بہت محنت کی ہے اور ہم اس نتیجہ پر پہنچے ہیں

## علماء اہل سنت دو زہر پیتے ہیں مگر انکا نام لیتے سے ڈرتے ہیں ایک زہر تقیہ ہے اور ایک زہر عقیدہ بداء ہے

ارباب انصاف مذکورہ آیت کی تفسیر میں جو کچھ احادیث نبویہ سے ظاہر ہوتا ہے



شیعوں کا وہی عقیدہ ہے۔ اور اب چند احادیث نقل کر کے عالم اسلام کو ہم دعوت انصاف دیتے کہ سنی بھائیوں نے ہمارے ساتھ کتنی بے انصافی کی ہے

## روایت اول ابن ابی شیبہ ابن جریر ابن المنذر ابن ابی حاتم

## آئمہ اہل سنت شیعوں کی طرح بداء کا عقیدہ رکھتے تھے۔

درمنثور کی عبارت: اخرج ابن ابی شیبہ وابن جریر وابن المنذر وابن ابی حاتم عن مجاهد قال قالت قریش الخ مذکورہ محدثین مجاہد سے روایت کرتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی وما کان لرسول ان یأتی بآیۃ الا باذن اللہ تو قریش نے کہا کہ اے محمد تو کسی چیز کا مالک نہیں ہے اور اللہ پاک کام سے فارغ ہو گیا ہے پس یہ آیت یمحوا اللہ ما یشاء نازل ہوئی ان قریش کو ڈرانے کے لیے کہ جب ہم چاہیں تو سب کچھ کر سکتے ہیں یمحوا اللہ ما یشاء ویثبت من ارزاق الناس ومصائبھم وما یعطیھم وما یقسم لھم کہ اللہ پاک لوگوں کے ارزاق اور مصیبت اور جو کچھ انکو عطا کرتا ہے اور انکے لئے تقسیم کرتا ہے اس میں جو چیز کو چاہے مٹا دے اور جس چیز کو چاہے ثابت رکھے۔

نوٹ: ارباب انصاف جو کچھ اس روایت کا مفاد ہے اور جو کچھ ان آئمہ اہل سنت نے نقل کیا ہے شیعہ بھی اس آیت کی تفسیر میں یہی کچھ کہتے ہیں۔ البتہ شیعہ مذہب والے اس آیت کے مفاد کو بداء کہتے ہیں اور اہل سنت اس آیت کے مفاد کو شیعوں کی طرح مانتے ہیں مگر اس کا نام بداء رکھنے سے ڈرتے۔ گویا نزاع لفظی ہے۔ اور جو معنی بداء کا اپنے طرف سے بنا کر اہل سنت غلط شیعوں کی طرف نسبت دیتے ہیں وہ انکا بنایا ہوا سفید جھوٹ ہے۔ سچے والا بول بالا اور جھوٹے والا منہ کالا

## روایت دوم ابن عباس عبد الرزاق اور فریابی شیخ بخاری اور ابن نصر ائمہ اہل سنت شیعوں کی طرح بداء کا عقیدہ رکھتے تھے

درمنثور کی عبارت | اخرج عبد الرزاق والفریابی وابن نصر والبیہقی فی شعب الایمان عن ابن عباس فی قولہ یمحوا اللہ ما یشاء و یثبت
قال ینزل اللہ فی کل شہر رمضان الی سماء الدنیا فید
بر امر السنۃ فی لیلۃ القدر فیمحو اللہ ما یشاء و یثبت الخ

ترجمہ ابن عباس مذکورہ آیت کے بارے فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہر ماہ رمضان میں آسمان دنیا کی طرف اپنا امر نازل کرتا ہے اور سال بھر کے امر کو شب قدر میں تدبیر کرتا ہے اور جس چیز کو چاہے مٹاتا اور ثابت رکھتا

## روایت سوم بداء کی بابت جابر صحابی سے مروی ہے

درمنثور کی عبارت | عن الکلبی فی الایۃ قال یمحوا اللہ من الرزق و یزید فیہ و یمحو من الاجل و یزید فیہ فقیل لہ من حدثک
بہذا قال ابو صالح عن جابر بن عبد اللہ الانصاری عن النبی۔

ترجمہ کلبی سے مذکورہ آیت میں اس طرح مروی ہے کہ اللہ پاک رزق کم بھی کر دیتا ہے اور زیادتی بھی اسی طرح عمر میں بھی کمی و زیادتی کرتا ہے۔ کلبی سے پوچھا گیا کہ اس کی اس تفسیر کے بارے آپ کو کس نے بتایا ہے اس نے کہا کہ اسکی روایت کی ہے ابو صالح نے جابر سے اور جابر نے نبی کریم سے۔



## روایت چہارم: مولیٰ علی اور نبی پاک دونوں بداء کا عقیدہ رکھتے تھے

درمنثور کی عبارت | عن علیؑ انہ سال رسول اللہ عن ہذہ الایۃ فقال لہ لاقرن عینک بتفسیرہا و لاقرن عین امتی
بعدی بتفسیرہا الصدقۃ علی وجہہا و بر الوالدین یحول الشقاء
سعادۃ و یزید فی العمر و یقی مصارع السوء

ترجمہ نبی کریم سے مذکورہ آیت کے بارے حضرت علیؑ نے پوچھا آنجناب نے فرمایا کہ میں آپکی اور امت کی آنکھوں کو اس آیت کی تفسیر کر کے ٹھنڈا کرتا ہوں صحیح طریقے سے صدقہ دینا اور والدین سے نیکی کرنا شقاوت کو نیک بختی میں بدل دیتا ہے اور زندگی کو زیادہ کرتا ہے۔

## عالم اسلام کو دعوت انصاف دیانت اور انصاف کی رو سے

ارباب انصاف ہمیں بہت افسوس ہے سنی علماء کی دیانت پر کہ انہوں نے بداء کا ایک غلط معنی اپنے طرف سے بنا کر ہمارے شیعوں کی طرف منسوب کر دیا کہ شیعہ مذہب والے معاذ اللہ خدا کو جاہل مانتے ہیں کہ خدا غلطی اور جہالت سے ایک کام کرتا ہے پھر اسکے خلاف کرتا ہے ارباب انصاف یہ معنی شیعوں پر محض تہمت ہے اور نواصب کو ہمارا چیلنج ہے کہ وہ کتاب پیش کریں جس میں شیعوں نے یہ معنی لکھا ہے ہمارا عقیدہ و مسئلہ بداء میں وہی ہے جو سنی علماء نے صحابہ کرام سے نبی کریم کی زبانی نقل کیا ہے کہ اللہ پاک ہر چیز میں جو چاہے کر سکتا ہے چاہے تو مٹا دے اور چاہے تو ثابت رکھے۔

## امام اہل سنت امیر عمر بن خطاب بھی بدا کا عقیدہ رکھتا تھا۔

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر لابن کثیر ص ۵۱۹ ج ۲ الرعد آیت ۳۹
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر الدر المنثور ص ۶۶ ج ۴ آیت ۳۹
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر لابن جریر طبری ص ج پارہ ۱۳
۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر قرطبی ص ۳۳۰ ج ۵ آیت ۳۹ الرعد۔
۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر مظہری پارہ ۱۳ آیت ۳۹
۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر خازن ص ۲۳ الرعد
۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر معالم التنزیل ص ۲۳ برحاشیہ خازن
۸۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر مواھب الرحمن پ ص ۲۲۷۔
۹۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر روح المعانی پ ۱۳ ص ۱۶۹

روح المعانی کی عبارت | عن عمر ویطوف بالبیت ویقول اللھم ان کنت کتبت علی شقوۃ واجعلہ سعادۃ فانک تمحو ما تشاء وتثبت وعندک ام الکتاب

ترجمہ عبد بن حمید وغیرہ نے بیان کیا ہے کہ حضرت عمر خانہ کعبہ کا طواف کرتے وقت یہ دعا مانگ رہے تھے کہ اے خدایا اگر تو نے مجھے شقی لکھا ہے تو مجھے سعید بنا دے تو جس چیز کو چاہے مٹا دے اور جس کو چاہے ثابت رکھے اور تیرے پاس ام الکتاب ہے۔

نوٹ: ارباب انصاف امیر عمر جس بات کی تمنا کر رہے تھے یہی بدا ہے اور اگر یہ بدا کفر ہے تو امیر عمر کے بارے فیصلہ اہل سنت کے اپنے اصولوں پر ہے اگر شیعہ بدا کا عقیدہ رکھنے سے کافر ہیں تو امیر عمر بھی اس کفر میں انکے ساتھ ہے



## امیر عمر کے ساتھ عقیدہ بدا میں دوسرے صحابہ کرام بھی شامل ہیں

روح المعانی کی عبارت | ص ۱۶۹ پارہ ۱۳ الرعد آیت ۳۹ وقیل ھو عام فی الرزق والاجل والسعادۃ والشقاوۃ ونسب الی جماعۃ من الصحابۃ والتابعین وکانوا یتضرعون الی اللہ ان یجعلھم سعداء

ترجمہ کیا گیا ہے کہ محو اور اثبات جو کہ آیت کا مفاد ہے وہ عام ہے رزق موت شقاوت اور سعادت سب میں جاری ہے اور یہ قول صحابہ و تابعین کی ایک جماعت کی طرف نسبت دیا گیا ہے اور صحابہ اللہ کی بارگاہ میں عاجزی کرتے تھے کہ وہ انہیں سعید بنائے۔

نوٹ: ارباب انصاف جو معنی آیت کا روح المعانی میں لکھا اور صحابہ کی طرف منسوب ہے ہم شیعہ اسی کو بدا کہتے ہیں اور برا ہو تعصب و نادانی کا کہ اہل سنت بھائی شیعوں کی دشمنی میں اس حد تک پہنچ گئے ہیں کہ شیعوں کی تکفیر کے ساتھ بیچارے صحابہ کی بھی لاشعوری طور پر تکفیر کرتے ہیں اور ہم ایک بار پھر واضح کرتے ہیں کہ بدا کا معنی شیعوں کے نزدیک وہی ہے جو اہل سنت مفسرین نے نبی کریم اور صحابہ کرام سے نقل کیا ہے۔ اور جو معنی بدا کا علماء اہل سنت نے اپنی طرف سے بنا کر شیعوں پر بہتان باندھا ہے وہ انکا خود ساختہ جھوٹ ہے ہمارا چیلنج ہے نواصب کو کہ شیعوں کی اس کتاب کا وہ حوالہ پیش کریں جس میں بدا کا معنی معاذ اللہ حق تعالی کی جہالت لکھا ہے۔

اگر عقیدہ بدا کی وجہ سے شیعہ کافر ہیں تو امیر عمر بن خطاب صحابہ سمیت اس کفر کے قائل تھے۔

## پیشوائے اہل سنت کعب الاحبار امیر عمر اور صحابہ کے ساتھ عقیدہ بدا میں شامل ہو کر گروہ کفار میں شامل ہے مبارک ہو شدّ و مدّ

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر در منشور ص ۶۷ ج ۴ الرعد
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر لابن جریر طبری ص ۱۱۲ پارہ ۱۳
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر قرطبی ص ۳۳۰ ج ۵
۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر مواہب الرحمن پارہ ۱۳ ص ۲۲۷

در منثور کی عبارت | عن کعب قال لعمر لولا اٰیۃ فی کتاب اللہ لانبأتک بما هو کائن الی یوم القیامۃ قال وما هی قال قول اللہ یمحو اللہ ما یشاء ویثبت وعندہ ام الکتاب

ترجمہ۔ ایک مرتبہ کعب یہودی الاصل نے امیر عمر سے کہا تھا کہ اگر ایک آیت قرآن نہ ہوتی تو میں آپکو قیامت تک آنے والے حالات بتا دیتا امیر عمر نے پوچھا وہ آیت کون سی ہے کعب نے کہا یہ ہے کہ خدا جس چیز کو چاہے مٹا دیتا ہے اور جس کو چاہے ثابت رکھتا ہے اسکے پاس ام الکتاب ہے۔

نوٹ: ارباب انصاف عقیدہ بدا میں امیر عمر اور کعب الاحبار شیعوں کے ساتھ متحد ہیں۔ اور کعب الاحبار نے جو بر سر عمر کے سامنے ماری ہے اسکی ذہن سے لازم آتا ہے کہ وہ عمر ابو بکر اور عثمان سے افضل تھا۔ اور کعب کی اس ڈینگ پر عمر اور علماء اہل سنت کا خاموش رہنا اور حضرت علی کے اسی دعویٰ پر جو کعب نے کیا ہے تنقید کرنا انکی ناصبیت کی دلیل ہے



## امام اہل سنت شہاب الدین البغدادی کا صحت بدا پر استدلال کہ اگر بدا غلط ہے تو دعا مانگنا بھی لغو فضول اور غلط ہے

تفسیر روح المعانی ص ۱۷۱ پارہ ۱۳ میں جو دلیل امام اہل سنت نے لکھی ہے۔ وہ یہ ہے کہ حاجت مند خدا تعالیٰ سے دعا مانگتے ہیں بے اولاد اولاد کی خاطر بیمار صحت کی خاطر۔ تنگ دست روزی کی خاطر مجرد بیوی کی خاطر۔ بے علم علم کی خاطر۔ طالب علم امتحان میں کامیابی کی خاطر غلاصہ ہر ضرورت اپنی ضروریات کی خاطر خدا تعالیٰ سے دعا مانگتا ہے۔ اور اللہ پاک نے وعدہ فرمایا ہے ادعونی استجب لکم کہ تم مجھے اپنی ضروریات کے لیے پکارو اور فریاد کرو میں تمہاری دعا کو قبول کروں گا۔ اگر تقدیر ازلی میں بدا اور تبدیلی نہیں ہوتی تو پھر دعا مانگنا لغو اور فضول ہے۔ جب ایک آدمی کی قسمت میں اولاد لکھی ہے تو اسے ضرور ملے گی خواہ وہ خدا سے مانگے یا نہ مانگے اور اگر اس کی قسمت میں اولاد نہیں لکھی تو اسکو ہر گز نہیں ملے گی خواہ ہر سال وہ اجمیر شریف حاضری دیتا ہے۔ عالم اسلام کا صحت دعا پر اتفاق ہے اور یہ اتفاق صحت بدا کی ٹھوس دلیل ہے اگر عقیدہ بدا کفر ہے تو پھر عقیدہ صحت دعا بھی کفر ہے اور اس کفر میں تمام ملت دیوبند صحابہ کرام سمیت شامل ہے۔ جو معنی بدا کا اہل سنت علماء نے اپنی طرف سے بنا کر شیعوں کی طرف اسکی نسبت دی ہے وہ انکا اپنا بنایا ہوا سفید جھوٹ ہے لعنۃ اللہ علی الکذبین۔

## مفتی اہل سنت محمد شفیع کا صحت بدا کا اعتراف ملاحظہ ہو

معارف القرآن کی عبارت | ص۳۰۲ ج۵ سورہ رعد آیت ۱۲ آیت یمحوا اللہ ما یشاء کی تفسیر میں مفتی موصوف فرماتے ہیں کہ خلاصہ یہ ہے کہ ہر فرد مخلوق کی عمر، رزق، حرکات و سکنات سب متعین ہیں اور لکھے ہوئے ہیں مگر اللہ تعالیٰ اس نوشتہ تقدیر میں سے جس کو چاہتا ہے مٹا دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے باقی رکھتا ہے وعندہ ام الکتاب یعنی اصل کتاب جس کے مطابق محو و اثبات کے بعد انجام کار عمل ہوتا ہے وہ اللہ کے پاس ہے اس میں کوئی تغیر و تبدل نہیں ہو سکتا۔

## برادران اہل سنت کو دیانت کی رو سے دعوت انصاف

ارباب انصاف مفتی موصوف نے آیت یمحوا اللہ کی تفسیر میں جو کچھ فرمایا ہے، اگرچہ اپنے مذہب کی باقی مفسرین کی طرح بھانت بھانت کے اقوال اور باتیں بھی نقل کی ہیں مگر مذکورہ عبارہ بھی مفتی صاحب کی ہے اور جو مفاد مذکورہ عبارت کا ہے اسی مفاد کو شیعہ لوگ بدا کہتے ہیں اہل سنت علماء صرف لفظ بدا سے ڈرتے ہیں مگر مفتی بدا کو اپنی کتابوں میں لکھتے ہیں۔ ہر شخص کو مرنا ہے اور خدا کو جواب دینا ہے اہل سنت علماء نے بدا کا ایک غلط معنی بنا کر شیعوں کے سر تھونپ دیا ہے اور یہ انکی علمی خیانت ہے اور اس بددیانتی سے ان پر خدا اور رسول لعنت بھیجتا ہے اور اس بے حیائی سے صحابہ کرام بھی ان پر خوش نہیں ہونگے اور معنی بدا میں غلط بیانی سے شیخین کی جھوٹی خلافت کو بھی سہارا نہیں مل سکتا



## معنی بدا میں سنی علماء کے شیعوں پر جھوٹ بولنے کا نمونہ ملاحظہ ہو

تفسیر مواہب الرحمن کی عبارت ملاحظہ ہو | پارہ ۱۳ آیت ۳۹ الرعد نواب کا بحر العلوم امیر علی لکھتا ہے رافضی فرقہ کا گمان مردود ہے جو کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کو کبھی کوئی بات ظاہر ہوئی پھر دوسری ظاہر ہوئی تو دوسری کے موافق پھر تیسری وجہ تھی حتی کہ بعض لوگ ان میں سے زعم کرتے ہیں کہ بعد کو نبوت حضرت علی کے واسطے ظاہر ہوئی اور یہ سب کفر و جہالت ہے پھر موصوف ص۲۷۱ پر لکھتے ہیں کہ روافض کا اعتقاد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو کبھی ایک بات اچھی معلوم ہوئی وہ حکم ہوا پھر دوسری بات اچھی معلوم ہوئی تو پہلا حکم محو اور دوسرا ثابت کیا اور جواب یہ ہے کہ یہ محض جہالت ہے۔

## اہل سنت علماء کو دیانت و انصاف کی رو سے دعوت فکر

ہر شخص کو مرنا ہے اور خدا کو جواب دینا ہے۔ یہ سنی عالم جو مالک بحر العلوم بنا ہوا ہے پہلے درجے کا جھوٹا ہے کسی مذہب کی طرف جب کسی قول کی نسبت دی جائے تو اس مذہب کی کسی کتاب کا حوالہ دینا ضروری ہے چونکہ اس نے حوالہ نہیں دیا ہم کہتے ہیں کہ اس نے جو شیعوں کی طرف نسبت دے کر لکھا ہے یہ سب اسکی بکواس ہے۔ اور نامی ملاں سارے لکیر کے فقیر ہیں مسئلہ بدا میں یہ بچارے اپنی کتابوں کا مطالعہ ہی نہیں کرتے۔ اور شیعوں کے خلاف بے ماں کے مفتی بنے ہوئے ہیں۔

## موسیٰ نبی سے خدا تعالیٰ کا تیس راتوں کا وعدہ کرنا اور پھر دس اور بڑھا دینا، قرآن پاک سے یہ صحت بداء کا ٹھوس ثبوت ہے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر در منثور ص ۱۱۵ ج ۳ الاعراف
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر قرطبی ص ۲۷۵ ج ۷ الاعراف

وَوٰعَدْنَا مُوسٰى ثَلٰثِيْنَ لَيْلَةً وَّاَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيْقَاتُ رَبِّهٖٓ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً الاعراف ایت ۱۴۲

ہم نے موسیٰ سے تیس راتوں کا وعدہ کیا تھا اور ہم نے تمام کیا اس کو دس کے ساتھ پس انکے رب کا میقات چالیس راتوں سے پورا ہوا۔

درمنثور کی عبارۃ | مجاہد کہتا ہے کہ تیس راتیں ذوالقعدہ ہے۔ پھر دس اور بڑھیں جناب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا تھا کہ رب تعالیٰ نے میرے ساتھ تیس راتیں ملاقات کا وعدہ فرمایا ہے پس جب موسیٰ رب تعالیٰ سے ملے تو زادہ اللہ عشرا فکانت فتنتھم فی العشر التی زادھا اللہ

رب تعالیٰ نے دس راتیں اور بڑھا دیں اور انکی امت کی گمراہی انہیں دس راتوں میں ہوئی جنکو اللہ پاک نے بڑھایا تھا۔

نوٹ: اللہ پاک کا پہلے موسیٰ سے تیس راتوں کا وعدہ تھا پھر دس اور بڑھا دیا اسی کا نام ہے بداء اور یہ صاف قرآن میں لکھا ہے پس بداء کا منکر دراصل قرآن کا منکر



قرطبی کی عبارۃ | جناب موسیٰ سے واپسی میں دیر ہوئی اور قوم موسیٰ کو دیر کی وجہ معلوم نہ ہوئی حتیٰ کہ قوم نے کہا کہ موسیٰ یا تو بھول گیا ہے اور یا گمراہ ہو گیا، پس قوم نے معبود برحق کو چھوڑ کر اور خدا بنا لیا۔

فکان فتنتھم فی العشر التی زادہ اللہ بما فعلوا من عبادۃ العجل

اور قوم کی گمراہی اور بچھڑے کو پوجنا انہی دس راتوں میں ہوا جنکو اللہ نے زیادہ فرمایا تھا۔

## منکرین بداء دیانت کی رو سے جواب دیں

اللہ تعالیٰ نے جب موسیٰ نبی سے ۳۰ راتوں کا وعدہ فرمایا تھا تو پھر اس وعدہ کو پورا کیوں نہ فرمایا اور ۱۰ راتیں اور کیوں بڑھا دیں، اور ان دس راتوں کے بڑھانے سے قوم موسیٰ بھی گمراہ ہو گئی، اگر اللہ نے ۱۰ راتیں بڑھانی تھی تو پہلے تیس کا وعدہ کیوں فرمایا تھا شیعہ مذہب والے تو یہ کہتے ہیں کہ اللہ پاک کو بداء ہو گیا تھا اور سنی بھی تو اپنی طرف سے کوئی وجہ بیان کریں۔

ارباب انصاف قوم معاویہ خیل کی مسئلہ بداء میں بہت بڑی بے انصافی ہے جب یہ بداء قرآن پاک سے ثابت ہے تو سنی بھائیوں کی یہ علمی خیانت ہے کہ ان آیات کا کوئی جواب بھی انکے پاس نہیں ہے، اور شیعوں کے خلاف انکا غوغو بھی جاری ہے۔

سکھلائے بنو امیہ اور کلاب بنو مروان پر ہم واضح کرنا چاہتے ہیں کہ تم نے تمام زمانوں میں صرف شیعوں کی مخالفت پر ہی گزارہ کیا ہے، اور تمہارے ہاتھ پلے کچھ بھی نہیں ہے تم نے صرف بداء بداء کا رٹا ہی لگایا ہوا ہے اور اسکے علاوہ حقائق کی تمہیں کوئی خبر ہی نہیں

## حضرت یونس نبی کا اپنی قوم سے عذاب کا وعدہ کرنا اور پھر عذاب کا نہ آنا صحت بداء کا قرآن پاک سے ٹھوس ثبوت ہے

وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ اور یونس نبی جب غضب ناک ہو کر گئے پس اس نے گمان کیا تھا کہ ہم ان پر قدرت نہیں رکھتے الانبیاء آیت ۸۷ ۔

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر درمنثور ص $\frac{۳۲۳}{ج۴}$

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر مظہری ص $\frac{۲۳۲}{ج۶}$

۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر لابن کثیر ص $\frac{۱۹۱}{ج۳}$

| | |
|---|---|
| درمنثور کی عبارۃ | ابن مسعود صحابی فرماتے ہیں کہ نبی پاک نے فرمایا کہ یونس نبی نے اپنی قوم کو حق کی دعوت دی قوم نے انکار فرمایا ۔ پس جناب |

یونس نے قوم سے فرمایا کہ فلاں دن تمہارے اوپر عذاب نازل ہوگا پھر خود کہیں باہر چلے گئے جب وہ دن آیا تو قوم کے سروں پر عذاب الٰہی کے بادل منڈلانے لگے قوم نے اللہ کی بارگاہ میں سچے سے توبہ کرلی اور عذاب ٹل گیا ۔ جناب یونس کو جب یہ معلوم ہوا تو انہوں نے یہ فیصلہ کیا کہ قوم کے سامنے میں نے جھوٹ بولا ہے پس اس قوم میں میں نہیں جاؤں گا اور غضب ناک ہو کر وہاں سے چلے گئے ۔

نوٹ ۔ اس قصہ قرآنی میں شیعوں کا یہ عقیدہ ہے کہ اللہ پاک کو بداء ہوا ہے پس بداء قرآنی مسئلہ ہے اور اسکا منکر قرآن کا منکر ہے

| | |
|---|---|
| تفسیر مظہری کی عبارۃ | ذھب عن قومہ مغاضباً لوبہ اذ کشف عن قومہ العذاب بعدما وعدھم وکرہ ان یکون بین قوم |

جربوا علیہ الخلف فیما وعدھم الخ

جناب یونس رب تعالیٰ سے غضب ناک ہو کر قوم کو چھوڑ کر چلے گئے جب معلوم ہوا کہ قوم سے عذاب ٹل گیا ہے اور میرا وعدہ غلط ہو گیا ہے ۔ اور اس قوم میں رہنا یونس نبی نے ناپسند کیا کہ جس نے انکی وعدہ خلافی کا تجربہ کرلیا ۔

## منکرین بداء مولانا صاحبان کو دعوت فکر

ارباب انصاف ہر شخص کو مرنا ہے اور خدا کو جواب دینا ہے ہم نے تین عدد آیات قرآنی صحت بداء کے لیئے پیش کی ہیں ، اور تمام اہل سنت علماء کو دیانت اور انصاف کی رو سے دعوت فکر دی ہے کہ وہ ان آیات کے بارے تحقیق فرمادیں ۔ جس مطلب کو یہ آیات قرآنی روشن کرتی ہیں ہم شیعہ مذہب والے اسی مطلب کو بداء کہتے ہیں ۔ اور کچھ ملاؤں جو اولاد ملا ہیں انہوں نے اپنی طرف سے کچھ جھوٹے الزامات بنا کر ہمارے خلاف ہرزہ سرائی کی ہے ہم ان بنو امیہ کے کتوں پر واضح کرنا چاہتے ہیں کہ انکی غلط بیانی سے نہ ہی ہمارا کوئی نقصان ہو سکتا ہے ۔ اور نہ ہی ابوبکر اور عمر کی جھوٹی خلافت کی ہلتی ہوئی چولوں کو ٹھیک لگ سکتی ہے ۔

ہم قوم معاویہ خیل کو دعوت فکر دیتے ہیں کہ کراچی سے لے کر درہ خیبر تک اگر کوئی دیوبندی مولانا ہمارے ساتھ اس مسئلہ بداء میں تبادلہ خیالات کرنا چاہتا ہے تو ہم ہر وقت حاضر ہیں

# آخری گزارش اہلِ اسلام سے

ارباب انصاف ہم نے مسئلہ کلمہ اور اذان اور بداء میں برادران اہل سنت کی تحریرات کا نظر انصاف سے مطالعہ کیا ہے
مسائل میں علماء اہلسنت شیعوں کے خلاف جتنا جھوٹ بول سکتے تھے
انہوں نے بولا ہے، معلوم ایسا ہوتا ہے کہ صحابہ کرام نے شیعوں کے خلاف
جھوٹ بولنے کے لئے ان کی خصوصی ڈیوٹی لگادی ہے، کراچی سے درہ
خیبر تک کے علماء اہلسنت کو ہم برادرانہ دعوتِ فکر دیتے ہیں کہ وہ اپنی
اور ہماری کتابیں سامنے رکھیں اور وہ پہلے اپنی اذان اور کلمہ اور بداء
اپنی کتابوں کی روشنی میں بیان کریں اور قرآن پاک کی کسی آیت سے
وہ کلمہ اسلام اس ترتیب کے ساتھ پیش کریں، جس ترتیب سے
انہوں نے ویگنوں وغیرہ پر لکھا ہوا ہے اور پھر اپنی اذان پر
شیعوں کے اعتراضات کا جواب پیش کریں، پھر مسئلہ بداء کی اپنے
عقیدہ میں صفائی پیش کریں، شیعہ لوگ بقول سنی علماء کے دین سے
دور ہیں۔ مگر سنی علماء جو اپنے آپ کو دین خدا کا پاسبان ظاہر کرتے ہیں
وہ ہمیں جواب دیں کہ اس وقت سنیوں کا دین پانچ حصوں میں بٹا ہوا ہے
دینِ اہلحدیث، دینِ حنفی، دینِ مالکی، دینِ حنبلی، دینِ شافعی،
تم ہمیں صفائی دیں کہ ان پانچ میں سے سچا کون ہے، اور جھوٹا کون،
بلکہ تم ایک دوسرے کے خلاف کفر کے فتاوے بھی دیتے ہو،

ختم شد رسالہ ہذا ۱۹/۲/۹۱ء

خادم مذہب علی شاہ مردان وکیل آل محمد غلام حسین نجفی فاضل عراق

۱۵ ویں پیشکش

## ہمارے شعبہ تبلیغ کی دیگر مطبوعات

مؤلف: علامہ غلام حسین نجفی

- جاگیر فدک
- سہم مسموم فی جواب نکاح ام کلثوم
- قول مقبول فی اثبات وحدت بنت رسول
- ماتم اور صحابہ
- حقیقت فقہ حنفیہ بجواب حقیقت فقہ جعفریہ
- قول سدید در جواب وکلاء یزید
- کردار یزید بجواب خلافت معاویہ و یزید
- اسلامی نماز و دیگر عبادات بمطابق فقہ جعفریہ
- بغض بنو امیہ معاویہ بجواب خلافت بنو امیہ معاویہ
- بنو امیہ اور معاویہ کی خلافت نص قرآنی سے باطل

کیا ناصبی مسلمان ہیں در جواب
کیا شیعہ مسلمان ہیں (زیر طبع)



**مومنین حضرات:** مسئلہ ماتم ہو یا مسئلہ خلافت کسی بھی نوع کا کوئی حوالہ معلوم کرنا ہو تو جوابی خط لکھیں فوراً جواب دیا جائیگا اس کے علاوہ جہاں کہیں مذہب شیعہ پر حملہ ہو کوئی مولوی ملاں تنگ کرے تحریراً تقریراً جس قسم کی ضرورت پیش آئے فوراً رجوع کریں انشاءاللہ فوراً عملی اقدام کرکے آپکو مطمئن کیا جائیگا۔

---

پتہ: مجاہد اسلام علامہ غلام حسین نجفی سرپرست شعبہ تبلیغ و مدرس جامعۃ المنتظر ماڈل ٹاؤن لاہور